PR NO21

# وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

# Press Release

## وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں تنازعات کے غیر رسمی حل کے لئے ویبینار

## آئی آر ڈی پروگرام کے تحت 1800 سے زائد شکایات کے فیصلے کر چکے ہیں۔اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد(      )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ عوام الناس کو مفت اور فوری انصاف کی فراہمی کے لئے فریقین کے مابین تنازعات کے غیر رسمی حل کا پروگرام آئی آر ڈی (Informal Resolution of Dispute) کے نام سے شروع کیا گیا ہے جس کے تحت فریقین کے درمیان تنازعات کو ان کی رضا مندی سے ثالثی اور مصالحتی انداز میں حل کیا جاتا ہے۔اس پروگرام کے تحت شکایت کے با قاعدہ اندراج کی ضرورت نہیں ہوتی۔اپریل 2022ء میں اس پروگرام کا آغاز کیا گیا تھا۔اب تک اس پروگرام کے تحت 1837 سے زائد متنازع معاملات حل کئے جا چکے ہیں جب کہ 74 کیسوں پر کارروائی جاری ہے۔ان میں ایسے تنازعات بھی شامل ہیں جو کئی برسوں سے عدالتوں میں چل رہے تھے۔وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ان خیالات کا اظہار ایشین امبڈسمن ایسوسی ایشین کے تحت تنازعات کے غیر رسمی حل کے حوالے سے منعقدہ ایک ویبینار (Webinar) سے خطاب کے دوران کیا۔ویبینار میں ایشین امبڈسمن ایسوسی ایشین (اے او اے) کے ممبران اور پاکستان کے وفاقی ٹیکس محتسب، بینکنگ محتسب، سندھ کے صوبائی محتسب اور وفاقی محتسب کے علاقائی دفاتر کے نمائندوں سمیت ملائیشیا، انڈونیشیا، چین، جاپان، تھائی لینڈ اور دیگر ممالک کے محتسبین کے 70 سے زیادہ نمائندوں نے شرکت کی۔ویبینار سے پرائیویٹ اے ڈی آر پروگرام کے ایسوسی ایٹ ڈائریکٹر شاہ زار الٰہی اور خیبر پختونخواہ ہائی کورٹ کے سابق چیف جسٹس (ر) محمد رضا خان نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی جو کہ ''اے او اے'' کے موجودہ صدر بھی ہیں، نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ (Webinar) اے او اے اور محتسب کے دیگر بین الاقوامی اداروں کے مابین روابط اور ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھانے کے لئے ترتیب دی گئی مختلف سرگرمیوں کا ایک حصہ ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنے تجربات، محتسب کے دیگر بین الاقوامی اداروں کے ساتھ شیئر کرنے کے لئے ہمہ وقت تیار ہے۔وفاقی محتسب نے بتایا کہ آئی آر ڈی کے تحت فریقین کے درمیان تنازعات کا حل روایتی طریق کار سے ہٹ کر ثالثی اور مصالحتی طریق کار کے تحت تلاش کیا جاتا ہے۔اس پروگرام کے تحت کسی وکیل کے بغیر اور طویل عدالتی عمل سے گزرے بغیر نچلی سطح پر ہی تنازعات حل کر دیئے جاتے ہیں جو عوام الناس کی ایک بنیادی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب بنیادی طور پر غریبوں کی عدالت ہے، جہاں سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف شکایت کی جا سکتی ہے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

14 جون 2023ء